طلبائے ندوۃ العلماء سے خطاب

''تم ایسے بن سکتے ہو کہ تمہارا شہر نہیں پورا ملک بلکہ پوری امت اور ملت کی تقدیر بدل سکتی ہے، تم وہ پارس بن سکتے ہو کہ اگر تم سے کوئی خدا کا باغی اور سرکش چھو جائے تو ولی کامل بن جائے، جس بستی میں تم جاؤ وہاں بہار آ جائے، وہاں کا موسم اور فضا بدل جائے، یہ تاثیر آج بھی تمہارے اندر پیدا ہوسکتی ہے، تمہاری وجہ سے نہ جانے کتنی قومیں جنتی ہوسکتی ہیں، بے شک نبوت تو ختم ہو چکی! لیکن تم ''آیة من آیات اللہ'' بن سکتے ہو، حجۃ الاسلام، شیخ الاسلام ہوسکتے ہو، سب سے بڑھ کر تم نائبان رسول ہوسکتے ہو، یہ سب چیزیں تم کرسکتے ہو، لیکن اس کے لیے شرط یہ ہے کہ تم عزم کرو، کیونکہ تم خدا کا قرب حاصل کرنے کے لیے آئے ہو، صاحبِ کمال اور صاحبِ امتیاز بننے کے لیے آئے ہو، اگر تم کامیابی اور ترقی کا فیصلہ کرلو تو اس کائنات کا ذرہ ذرہ تمہاری مدد کرے گا، پورا نظام کائنات تمہارے لیے وقف ہو جائے گا، حدیث اس بات پر شاہد ہے۔

www.abulhasanalinadwi.com

میں تم سے پوچھتا ہوں کہ وہ کون بدنصیب شخص ہوگا جو کامیاب بننا نہ چاہے، پھر بھی ترقی سے انکار نہیں کرسکتا، کائنات کا ذرہ ذرہ عروج و ترقی کا

متمنی ہوتا ہے، ایک تخم کو دیکھو وہ ترقی کی منزلیں طے کرتا ہوا ایک درخت بن جاتا ہے اور ترقی کے آخری اسٹیج پر پہنچ جاتا ہے، لیکن تمہارا سفر ارتقاء کی منزلیں طے کرتا ہوا موت کے بعد تک جاری رہے گا اور تم ترقی کے مدارج طے کروگے، حتی کہ تمہاری آسودگی دیدار الٰہی سے ہوگی اور یہ تمہاری آخری اور ابدی منزل ہے، تمہارا اولین فرض یہ ہے کہ تم اپنے دلوں میں عزم وارادہ پیدا کرو، اس لیے کہ تم کو بہتر سے بہتر بننا ہے۔

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا، نہ بن اپنا تو بن

اگر تم ہمارے نہیں بن سکتے، اپنے اساتذہ اور ہمدردوں کے نہیں بن سکتے، نہ بنو! اپنا تو حق ادا کرو۔"

(...... پا جا سراغ زندگی صفحہ ۵۷-۵۹)

الإمام أبي الحسن الندوي
www.abulhasanalinadwi.com